REGISTERED WITH THE REGISTRAR OF NEWS PAPERS FOR INDIA AT NO R.N. 61/57

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝ نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ وَعَلٰی عَبۡدِہِ الۡمَسِیۡحِ الۡمَوۡعُوۡدِ

REGD NO. P/GDP 3.

جلد ۳۱ — شمارہ ۳۱

وَلَقَدۡ نَصَرَکُمُ اللّٰہُ بِبَدۡرٍ وَّاَنۡتُمۡ اَذِلَّۃٌ

ہفت روزہ بدر قادیان

ایڈیٹر:- خورشید احمد انور

نائب:- جاوید اقبال اختر

شرح چندہ: سالانہ ۲۶ روپے، ششماہی ۱۳ روپے، ممالک غیر بذریعہ بحری ڈاک ۷۰ روپے، فی پرچہ ۶۰ پیسے

THE WEEKLY BADR QADIAN 143516.

۱۴ شوال ۱۴۰۲ھ — ۵ ظہور ۱۳۶۱ ہش — ۵ اگست ۱۹۸۲ء

اخبارِ احمدیہ

قادیان ۲ ظہور (اگست) حضرت اقدس امیر المؤمنین خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی صحت کے بارے میں لاہور سے تشریف لانے والے مہمان زائر مکرم ملک عابد انور صاحب کی زبانی ۲۸ وفا (جولائی) کی اطلاع مظہر ہے کہ حضور پُر نور خیریت سے ہیں اور لاہور سے اس تاریخ سے بذریعہ ہوائی جہاز یورپ کے دورہ کے لئے روانہ ہو چکے ہیں۔ کراچی میں چند روز حضور انور کا قیام متوقع ہے —— مقامی طور پر صاحبزادہ حضرت مرزا وسیم احمد صاحب ناظر اعلیٰ وامیر مقامی نے خطبہ جمعہ میں حضور انور کی صحت وسلامتی اور بانیل مرام کامیاب مراجعت کے لئے خصوصی تحریک دعا فرمائی۔ پھر آپ نے یکم ظہور (اگست) کو خصوصی تحریک دعا کے ساتھ صدقہ کی بھی تلقین فرمائی حسبِ توفیق والہانہ انداز میں احباب کرام نے اس میں حصہ لیا۔ حضرت صاحبزادہ صاحب نے فرمایا ہے کہ مسند آرائے خلافت ہونے کے بعد حضور انور کا بیرونی ممالک کا یہ پہلا دورہ ہے لہٰذا دورہ کی کامیابی کے لئے احباب خصوصی دعائیں جاری رکھیں اور صدقات کا اہتمام کریں اللہ تعالیٰ ہمارے محبوب آقا کی روح القدس سے تائید فرمائے اور فرشتوں کے جلو میں حضور انور کا ممالک مغرب میں نزول ہو آمین ★ قادیان ۳ ظہور (اگست) مقامی طور پر محترم صاحبزادہ مرزا وسیم احمد صاحب مع محترمہ بیگم صاحبہ و بچگان اور جملہ درویشان کرام اللہ تعالیٰ نے

غانا کے ایک گاؤں میں چالیس افراد کا قبولِ احمدیت

اسی صوبے کے دیگر علاقوں کے مزید دس افراد نے بھی احمدیت قبول کر لی۔ غانا سے دلچسپ اور ایمان افروز خبریں

اللہ تعالیٰ کے خاص فضل وکرم اور معجزانہ تائید غیبی سے مغربی افریقہ کے ملک غانا کے ایک گاؤں نیو ابرم (NEW ABIREM) میں اکٹھے چالیس افراد بیعت کرکے احمدیت میں داخل ہو گئے ہیں ان کے علاوہ ہیں سے زائد بچے بچیاں اس کے علاوہ ہیں جن کے نام بیعت فارم پر مذکور نہیں ہیں غانا کے امیر اور مشنری انچارج مکرم عبدالوہاب بن آدم صاحب نے یہ خبر بھجواتے ہوئے لکھا ہے کہ یہ جماعت یہاں کے دو سمجھدار دوستوں مکرم عبدالسلام اور مکرم آدم صاحب کی جد وجہد کے نتیجہ میں قائم ہوئی ہے۔ مکرم آدم صاحب صوبہ وسطی سے تعلق رکھتے ہیں جہاں احمدی احباب کافی تعداد میں موجود ہیں ان کے کچھ رشتہ دار احمدی ہیں گزشتہ سال یہ غانا کے جلسہ سالانہ میں شامل ہوئے یہ احمدیت کے بارے میں کافی معلومات اور اچھی رائے رکھتے تھے مگر ابھی عملاً احمدی نہ ہوئے تھے۔

دوسرے دوست جن کا نام عبدالسلام ہے اور اچھے معمر ہیں انہوں نے خواب میں دیکھا کہ ان کے گاؤں میں احمدی مبلغین اسلام کی خوبیاں بیان کر رہے ہیں تصرفِ الٰہی سے ایسا ہوا کہ اس خواب کے چند دن بعد وہاں ہمارے مبلغین نے پبلک تقاریر کیں۔ انہوں نے تقاریر سُنیں تو اپنے گاؤں کے امام الصلوٰۃ کو کہا کہ مجھے احمدیت سچی معلوم ہوتی ہے لیکن امام صاحب نے ان کی تائید نہ کی چند دن بعد انہوں نے اس امام کو شراب کے نشہ میں مست دیکھا یہ امام صاحب ٹونا ٹوٹکا اور تعویذ بھی کرتے تھے چنانچہ عبدالسلام صاحب نے اپنے عزیز واقارب کے ساتھ مل کر ایک مسجد بنالی اور اس امام کے پیچھے نماز پڑھنا ترک کر دی اور پھر ایک احمدی دوست کے ذریعہ ہمارے مبلغین کو گاؤں میں تقریر کرنے کی دعوت دی چنانچہ ہمارے مبلغین وہاں پہنچے اور ان تک پیغامِ حق پہنچایا۔

سُورۂ فاتحہ پر فیصلہ

اس پر لوگوں نے حکومت کو شکایات کرنا شروع کر دیں کہ ہمارے لوگ احمدی ہو رہے ہیں ان کو اس سے روکا جائے۔ حکومت نے کہا مذہبی معاملات میں ہم دخل نہیں دیتے اس کے بعد یہ غیر احمدی امام قریبی شہر کو نوربیڈو آگئے اور وہاں کے غیر احمدی عالم کو لائے اس نے آکر پہلا سوال یہ کیا کہ احمدی سورۂ فاتحہ سنائیں ہمارے لوگوں نے ان کا مطالبہ پورا کیا اس نے کہا اگر یہ سورہ فاتحہ جانتے ہیں تو یہ مسلمان ہیں چنانچہ وہ یہ کہہ کر چلا گیا اس کے بعد ان لوگوں نے ہمیں پیغام بھجوایا۔ ہم وہاں پہنچے اور ان لوگوں نے احمدیت کو قبول کر لیا۔

دس احباب کی بیعت

مکرم امیر صاحب نے اطلاع دی ہے کہ اسی صوبہ کے دو اور سرکٹس میں دس اور احباب نے احمدیت قبول کر لی ہے یہاں اب بفضلہ تعالیٰ جماعت قائم ہو گئی ہے انہوں نے اپنی مسجد بھی تعمیر کر لی ہے اور عہدیداران کا انتخاب بھی ہو گیا ہے۔

فَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ (الفضل ۱۴/۷/۸۲)

حضور ایدہ اللہ کی مصروفیات (۱۳/۱۴/۱۵ جولائی ۱۹۸۲ء)

مورخہ ۱۳ / ۱۴ / ۱۵ جولائی ۱۹۸۲ء کے عرصے میں حضور ایدہ اللہ نے عید الفطر کی آمد کے پیشِ نظر دنیا بھر میں پھیلے ہوئے احمدی مشنوں کو عید الفطر کی مبارکباد کے تار ارسال کئے اس ضمن میں حضور کی طرف سے درج ذیل مضمون کے ۳۷ ٹیلگرام ارسال کئے گئے۔

"السلام علیکم۔ براہ کرم تمام بھائیوں بہنوں اور بچوں کو عید مبارک پہنچا دیں اللہ تعالیٰ ہماری رمضان المبارک کی عبادات کو قبول فرمائے اور ہمیں حقیقی عید منانے کی توفیق دے رمضان المبارک کے دوران جو روحانی جوش وولولہ آپ نے حاصل کیا ہے اس جذبہ کو برقرار رکھیں اسی میں آپ کی حقیقی عید ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ آپ کو اپنا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اور اپنے تمام پیاروں کا پیار عطا کرے آمین۔"

خلیفۃ المسیح

اس عرصے کے دوران حضور ایدہ اللہ کی خدمت میں اندرونِ ملک سے ۷۰۴ اور بیرونِ ملک سے ۱۹۰ خطوط موصول ہوئے ربوہ کے دفاتر سے ان تین دنوں میں ۸۳ خطوط آئے اور حضور ایدہ اللہ کی طرف سے جملہ دفاتر کو ۲۱۶ خطوط لکھے گئے اس عرصے میں حضور کی طرف سے ۲۴۳ احباب جماعت کو جواب دیا گیا اور ۹۴۳ احباب کو بذریعہ پرائیویٹ سیکرٹری جواب دیا گیا ان ایام میں تقریباً ۴۴ احباب وخواتین نے اور ۱۵ نئے شاہدین کے ایک گروپ نے حضور سے ملاقات کا شرف حاصل کیا۔ حضور کی صحت اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے۔ الحمد للہ (الفضل ۲۰/۷/۸۲)

"میں تیری تبلیغ کو زمین کے کناروں تک پہنچاؤں گا!"

(الہام سیدنا حضرت اقدس مسیح پاک علیہ الصلوٰۃ والسلام)

پیشکش:- عبدالرحیم وعبدالرؤف مالکان رشید ہارڈ ویئر مارٹ صالح پور کٹک، اڑیسہ

ملک صلاح الدین ایم اے پرنٹر و پبلشر نے فضلِ عمر پرنٹنگ پریس قادیان میں چھپوا کر دفتر اخبار بدر قادیان سے شائع کیا۔ پروپرائٹر: صدر انجمن احمدیہ قادیان

ہفت روزہ بدر قادیان
مورخہ ۵ ظہور ۱۳۶۱ ہش

وزیر اعلیٰ پنجاب کا ہدیۂ تبریک
اور
اہلِ صحافت کے لئے لمحۂ فکریہ!

محترم وزیر اعلیٰ پنجاب سردار دربارہ سنگھ صاحب کی جانب سے عید الفطر کے مبارک موقعہ پر ایک رنگین۔ خوشنما دیدہ زیب اور مطبوعہ بارکیا و پرمشتمل کارڈ ہمیں موصول ہوا ہے۔ رسمی طور پر جماعت احمدیہ عید کارڈوں کی قائل نہیں ہے لیکن جہاں تک محترم وزیر اعلیٰ پنجاب نے مذہبی رواداری اور خیر سگالی اور قومی یکجہتی کی رُوح کو اجاگر کرنے کے لئے الفاظ استعمال کئے ہیں وہ یقیناً قابلِ ستائش ہیں آپ کا ہدیۂ تبریک ان الفاظ پر مشتمل ہے۔

"عید الفطر کی مقدس تقریب پر آپ کو اور آپ کے عیال و اطفال کو بہت بہت مبارک"

(دستخط) دربارہ سنگھ وزیر اعلیٰ پنجاب

"مذہب نہیں سکھاتا آپس میں بیر رکھنا۔" (علامہ اقبال)

اس خیر سگالی کے پیغام پر ہم جناب وزیر اعلیٰ کا مؤدبانہ شکریہ ادا کرتے ہیں۔

اخبارات کو دنیا میں بہت بڑی اہمیت حاصل ہوتی ہے۔ اگر اہلِ صحافت اس پہلو پر سنجیدگی سے غور فرما کر مختلف مذاہب کی وہ تعلیمات جو انسان دوستی مذہبی رواداری، صلح جوئی اور بنی نوع انسان سے سچی ہمدردی پر مشتمل ہیں صفحاتِ قرطاس پر بکھیرنا شروع کردیں تو ہوا کا رُخ بدل سکتا ہے اور موجودہ بے چینی اور بدامنی اور بدگمانی اور فتنہ وفساد کی ہوائیں خود اعتمادی، امن، شانتی اور انسانی ہمدردی کی پُرمسرت فضاؤں میں تبدیل ہوسکتی ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ ہمارے بزرگان اس سے بھی زیادہ خیر سگالی، ملاطفت اور مذہبی رواداری کا مظاہرہ کیا کرتے تھے جس کا اظہار ہمارے محترم وزیر اعلیٰ صاحب پنجاب نے سیکولر حکومتی مزاج کو ملحوظ رکھتے ہوئے کیا ہے۔ سکھوں کا مشہور عالم گوردوارہ ہرمندر گولڈن ٹمپل امرتسر کا سنگِ بنیاد جناب گورو ارجن صاحب نے ایک مسلمان بزرگ حضرت میاں میر صاحب سے رکھوایا تھا اگر ان بزرگان میں قلبی لگاؤ نہ ہوتا تو ایسا ہونا کیونکر ممکن تھا سکھ مذہب کے بانی حضرت گورو نانک رحمۃ اللہ علیہ ایک مسلمان بزرگ حضرت فرید ثانی کو رخصت کرکے معانقہ کرتے ہوئے بڑے وجد آفریں انداز میں فرماتے ہیں ؎

آؤ بھینی گل ملہا انک سہیلڑیا　　مل کر کرو کہانیا امرت کنت کیا

اس سے ثابت ہوتا ہے کہ سکھوں اور مسلمان بزرگان میں بڑا ہی محبت و پیار پایا جاتا تھا **انسان** جو عربی زبان کا لفظ ہے اس کے معنی ہی یہ ہیں کہ ایک طرف خدائے واحد و یگانہ کے ساتھ پیار ہو اور دوسری جانب ساری مخلوقِ خدا سے ہمدردی ہو جس شخص میں یہ چیزیں ہوں وہ صحیح معنی میں انسان کہلانے کا مستحق ہی نہیں ہوتا۔ بانیٔ اسلام حضرت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم نے اس حقیقت کو ان الفاظ میں بیان فرمایا ہے کہ الخلق عیال اللہ یعنی مخلوق خدا ہندو، سکھ، مسلم، عیسائی پارسی وغیرہ خدا کا کنبہ ہے اور اللہ تعالیٰ کو وہی شخص پیارا ہوتا ہے جو اس کے کنبہ کے ساتھ زیادہ ہمدردی رکھتا ہو۔

ہم لوگ مسلمان پانچ وقت نمازوں میں ہر روز بار بار سورہ فاتحہ دہراتے ہیں اس میں بسم اللہ کے بعد پہلی آیت یہی ہے الحمد للہ رب العلمین کہ ہر قسم کی سچی دائمی تعریف اس خدا کے لئے ہے جو رب العالمین ہے وہ خدا صرف رب المسلمین نہیں ہے بلکہ ساری کائنات کا رب ہے اس آیتِ کریمہ میں بھی ہر انسان کے ساتھ اس کا مذہب اور عقیدہ کچھ ہی ہو سچی ہمدردی کی تلقین کی گئی ہے بدقسمتی سے آج مسلمان بھی اس تعلیم سے بہت دُور جا چکے ہیں مگر الٰہی نوشتوں کے مطابق موعود اقوام عالم حضرت مرزا غلام احمد قادیانی مسیح موعود و مہدی مسعود علیہ السلام نے بڑی شرح و بسط کے ساتھ اور پوری قوت وطاقت سے اس حقیقت کو دنیا کے سامنے پیش کیا ہے آپ ایک مقام پر فرماتے ہیں ؎

بود نانک عارف و مردِ خدا
رازہائے معرفت را راہ کشا

(ست بچن صفحہ ۳)

یعنی باوا صاحب معرفتِ الٰہی کا خزانہ تھے اور رُوحانی بھیدوں کو ظاہر کرنے والے تھے۔

قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے بڑی وضاحت و تکرار کے ساتھ اس حقیقت کو بیان فرمایا ہے کہ ہر قوم میں اللہ تعالیٰ کے نبی رسول اور اوتار مبعوث ہوتے رہے ہیں وَاِنْ مِّنْ اُمَّةٍ اِلَّا خَلَا فِيْهَا نَذِيْرٌ (فاطر) حدیث شریف میں ہے کہ "کان فی الھند نبیا اسود اللون اسمہ کاھنا" یعنی ہندوستان میں ایک عظیم الشان نبی گزرا ہے جس کا رنگ سانولا تھا اور اس کا نام کنہیا تھا۔ یہ حدیث حضرت کرشن ؑ کی نبوت ثابت کرتی ہے۔ ؎

ہند میں خدا نے بھیجے ہیں نبی　　جن میں ہیں مشہور کرشنا اور رام
آشتی کا دے گئے اپدیش وہ　　تا ابد زندہ رہے گا ان کا نام

گیتا میں بھی انسانی ہمدردی کی تعلیم موجود ہے مثلاً لکھا ہے ؎

آتماؤ پمینا سرد تر سمنگ پستی
جو رجنال سکھیم یدی باد کھیم ساجوگی پرومتہ

(باقی صفحہ ۴ پر دیکھیے)

...... آپ ہیں

مہدئ معہود کی صُورت سمائے آپ ہیں
اک نرالی شان میں پھر آج آئے آپ ہیں
نور دین رضؓ کے نُور ناصرؓ کی دعاؤں کے ثمر
مصلح موعودؓ کے طاہر ہمارے آپ ہیں
حیدرِ کرّار کے ہم دست، ہم دم، ہم سفر
اک گرز سے کفر کے ایواں جو ڈھائے آپ ہیں
پایا پیدائش سے پہلے خادم دیں کا لقب
ماں نے اُمّ طاہرؓ کی جو پالے آپ ہیں
نُورِ قرآں تیرے دل میں تیرے سینے میں سرور
بس کلام فخر موجوداتؐ سمجھے آپ ہیں
سیف ہے تیرا قلم سالارِ فوجِ دیں ہے تو
کوششِ پیہم سے ہر دم فتح پاتے آپ ہیں
بہتا ہے تیری زباں سے ایک دریائے سخن
پتھروں کو پانی پگھلا کر بناتے یا آپ ہیں
اس معالج سے بدن کی رُوح نے پایا سکون
جام شفقت کا شفاعت کا پلاتے آپ ہیں
عفو سر تاپا، مجسم خلق اور محسن رحیم
چار چاند دل سے خلافت جگمگاتے آپ ہیں
اس بھری دُنیا کو پیغام مسیح مصطفیٰؐ
پھر سے اک شیریں بیاں کھل کر سناتے آپ ہیں
نقش پائے مہدئ موعود ناظر کی نظر
راستہ منزل کا اب کوئی بتائے آپ ہیں

غلام نبی ناظر پاری پورہ (کشمیر)

خطبہ جمعہ

قرآن مجید کی رُو سے اسلامی نظریۂ قیادت میں تقویٰ مرکزی اور بنیادی اہمیت حاصل ہے

خلافتِ احمدیہ کی طاقت کا راز خلیفۂ وقت کے اپنے تقویٰ میں ہے اور جماعت احمدیہ کی بھی تقویٰ میں ہے

جب تقویٰ کا معیار بلند ہوتا چلا جائے تو اتنی مقناطیسی قوت پیدا ہو جاتی ہے کہ دنیا کی تعداد از خود کھنچی چلی آتی ہے

فرمودہ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بتاریخ ۵ احسان ۱۳۶۱ ہش مطابق ۲۵ جون ۱۹۸۲ء بمقام مسجد اقصیٰ ربوہ

تشہد و تعوذ اور سورۃ فاتحہ کے بعد حضور نے یہ آیتِ کریمہ تلاوت فرمائی

وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا

(الفرقان آیت : ۷۵)

اور پھر فرمایا:-

یہ آیتِ کریمہ جس کی میں نے تلاوت کی ہے اس میں دعا کی صورت میں مومنوں کو کچھ ہدایات عطا فرمائی گئی ہیں۔ ان میں سے دو کی طرف میں خصوصیت کے ساتھ آپ کو توجہ دلانا چاہتا ہوں۔

پہلی بات تو یہ فرمائی گئی کہ مومن اپنے رب سے یہ دعا کرتے ہیں کہ اے آقا! تو ہی ہماری بیویوں اور ہماری اولاد سے ہماری آنکھوں کی ٹھنڈک کے سامان پیدا فرما اور دوسری درخواست یہ کی گئی کہ آنکھوں کی ٹھنڈک کا یہ سامان کچھ اس رنگ کا ہو کہ ہم متقیوں کے سربراہ بنیں متقیوں کے پیشوا کہلائیں۔ متقیوں کے آباء و اجداد بن کر تاریخ میں چمکیں۔ فاسق اولاد پیچھے نہ چھوڑ جائیں۔

اس میں

پہلی قابلِ توجہ بات

تو یہ ہے کہ ہم آنکھوں کی ٹھنڈک کی جو دعا کرتے ہیں اور ایک دوسرے کو اس دعا کی درخواست کرتے رہتے ہیں کہ اے اللہ! ہماری اولاد کو ہماری آنکھوں کی ٹھنڈک بنا تو اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے زیادہ قابلِ قدر آنکھوں کی ٹھنڈک آنکھوں کی حقیقی ٹھنڈک۔ آنکھوں کی وہ ٹھنڈک جو دراصل ذکر کے لائق ہے وہ یہ ہے کہ اولاد متقی بن جائے اور کسی کو اس سے زیادہ آنکھوں کی ٹھنڈک نصیب نہیں ہو سکتی کہ وہ اپنی اولاد کو متقی دیکھ لے حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام نے بڑے بے ساختہ اور پیارے انداز میں اس مضمون کو یوں بیان فرمایا ایک دعا کی شکل میں اپنے رب کے حضور عرض کرتے ہیں ؎

یہ ہو میں دیکھ لوں تقویٰ سبھی کا
جب آئے وقت میری واپسی کا

کہ اے میرے آقا! آخری نگاہ جو میری اپنی اولاد پر پڑ رہی ہو وہ ایسی ہو کہ میں نے ان کو متقی حالت میں دیکھ کر دنیا سے رخصت ہو رہا ہوں سب سے زیادہ معراج آنکھوں کی ٹھنڈک کا اس وقت انسان چاہتا ہے جب وہ زندگی کے انجام تک پہنچ کر آخری نگاہیں ڈال رہا ہوتا ہے تو حضرت

اقدس مسیح موعود علیہ السلام نے اپنی

آنکھوں کی ٹھنڈک کا خلاصہ

یوں بیان فرمایا ہے

یہ ہو میں دیکھ لوں تقویٰ سبھی کا
جب آئے وقت میری واپسی کا

پس سب سے پہلے تو جماعت احمدیہ کو خصوصیت کے ساتھ اس طرف توجہ کرنی چاہیئے کہ ہم نیک اولاد پیچھے چھوڑ کر جانے والے بنیں فاسق اور بد اولاد پیچھے چھوڑ کر جانے والے نہ بنیں اور یہ چیز دعا کے بغیر نصیب نہیں ہو سکتی کیونکہ یہ نصیحت دعا ہی کے رنگ میں ہمیں سکھائی گئی ہے اور خصوصیت کے ساتھ اس طرف توجہ دلانا مقصود ہے کہ دعائیں کرو گے تو تم اپنا مقصد کو حاصل کر سکو گے اگر محض اپنی تربیتوں پر انحصار کرو گے یا اپنی کوششوں پر بھروسہ کرو گے تو یہ اعلیٰ مقصد تمہیں نصیب نہیں ہو گا۔

پس

بہت دعا کرنی چاہیئے

اپنی اولاد کے لئے اور دعا صرف بچوں کی پیدائش کے بعد ہی نہیں پیدائش سے پہلے بھی کرنی چاہیئے بعض دفعہ تو انبیاء نے ایسی دعائیں کیں کہ سینکڑوں سال بلکہ ہزاروں سال بعد آنے والوں کے لئے بھی انہوں نے دعائیں کیں چنانچہ حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے خانہ کعبہ کی عمارت کو اٹھاتے ہوئے آنحضرت سید ولد آدم حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے متعلق جو دعائیں کیں وہ ہزاروں سال بعد میں پیدا ہونے والے ایک بچہ کے لئے ہی تو دعا تھی۔ پس صرف یہی نہیں کہ اپنی اس اولاد کے لئے دعائیں کریں جو آپ کے سامنے حاضر کے طور پر پیش ہو چکی ہے بلکہ اس اولاد کے لئے بھی دعائیں کریں جس کا کوئی وجود ابھی نہیں بنا اس اولاد کے لئے بھی دعائیں کریں جو نسلاً بعد نسلٍ پیدا ہوتی چلی جائے گی اور قیامت تک آپ کی ذریت کے طور پر دنیا میں باقی رہے گی تو ان سب کے لئے تقویٰ کی دعا کو اولیت دیں اور سب سے زیادہ اسی دعا کی طرف توجہ کریں۔

دوسری بات

میں یہ بیان کرنا چاہتا ہوں کہ

[illegible]

میں اسلامی نظریۂ قیادت پیش کیا گیا ہے اور یہ بتایا گیا ہے کہ اسلام میں قیادت اور سرداری کا تصور دنیا کی دوسری قوموں کی قیادت اور سرداری کے تصور سے بالکل مختلف ہے۔ محض قوموں کی سرداری عطا ہو جانا کوئی حقیقت نہیں رکھتا۔ اگر فاسق، بدکاروں، بدعمل لوگوں کی سرداری نصیب ہو تو وہ سرداری بجائے فخر کے ایک لعنت بن جاتی ہے چنانچہ فرعون کو جس قوم کی سرداری نصیب ہوئی وہ اس کے لئے بھی لعنت تھی اور قوم کے لئے وہ سرداری لعنت بن گئی۔ پس اللہ تعالےٰ فرماتا ہے کہ سرداری کی اہمیت محض تقویٰ کے اوپر ہے۔ اگر متقی لوگ تمہارے پیروکار نہیں ہیں تو اس سرداری کو قابل توجہ" قابل فخر ہے۔ قابل فخر تو نہیں کہہ سکتے مگر اس لائق ہے کہ اللہ کے حضور دعائیں کرکے ایسی سرداری حاصل کی جائے جس کی دنیا و آخرت میں اللہ کی نظر میں کوئی قیمت ہے اس کے سوا سیادت اور قیادت کے کوئی بھی معنے نہیں۔

پس اس نقطۂ نگاہ سے جب ہم غور کرتے ہیں تو

خلافتِ احمدیہ کی طاقت کا راز

دو باتوں میں نظر آتا ہے۔ ایک خلیفۂ وقت کے اپنے تقویٰ میں اور ایک جماعت احمدیہ کے مجموعی تقویٰ میں۔ جماعت کا جتنا تقویٰ من حیث الجماعت بڑھے گا احمدیت میں اتنی ہی زیادہ عظمت اور قوت پیدا ہوگی خلیفۂ وقت کا ذاتی تقویٰ جتنا ترقی کرے گا اتنی ہی اچھی قیادت اور سیادت جماعت کو نصیب ہوگی۔ یہ دونوں چیزیں بیک وقت ایک ہی شکل میں ایک دوسرے سے ہم آہنگ ہو کر ترقی کرتی ہیں۔

پس ہماری دعا ہونی چاہیئے آپ کی اپنے لئے اور میری آپ کے لئے آپ اپنے رب کے حضور گریہ و زاری کرتے ہوئے ہمیشہ دعا کرتے رہیں کہ اللہ تعالیٰ مجھے تقویٰ نصیب فرمائے ایسا تقویٰ جو اس کی نظر میں قبولیت اور اس کی درگاہ میں مقبولیت کے قابل ہو اور

میری بھی ہمیشہ یہ دعا رہے گی

کہ مجھے بھی اور آپ کو بھی اللہ تعالیٰ تقویٰ عطا فرمائے کیونکہ بحیثیت آپ کے امام کے اور بحیثیت خلیفۃ المسیح کے مجھے جتنی زیادہ متقیوں کی جماعت نصیب ہوگی اتنی ہی زیادہ ہم اسلام کی عظیم الشان خدمت کر سکیں گے احمدیت کو اتنی ہی زیادہ قوت نصیب ہوگی اتنی ہی زیادہ احمدیت کو عظمت نصیب ہوگی محض اعداد کی کوئی بھی حقیقت نہیں ہے۔ روحانی دنیا میں اعداد کے ساتھ فضیلتیں نہیں ناپی جاتیں جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت ہوئی تو ساری دنیا کی کل قیمت ایک وجود یعنی حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے مقابل پر آپ کی جوتی کی خاک کے برابر بھی نہیں تھی۔ وہ ایک ہی وجود تھا جو اس دنیا میں خدا کا ذاتی غلام تھا اور وہ ایک ہی وجود تھا جس کی خاطر ساری کائنات کو قربان کر دیا جاتا تو مشیت الٰہی میں ایک ذرا سا بھی ارتعاش پیدا نہ ہوتا۔

پس حقیقت میں خدا تعالیٰ کے ہاں قیمت اقدار کی ہوا کرتی ہے۔

تعداد کی کوئی قیمت نہیں ہوتی

اور وہی تعداد باعث برکت ہوتی ہے جو اعلیٰ اقدار کے نتیجہ میں خود بخود نصیب ہو جایا کرتی ہے۔ جب کسی قوم میں زندہ رہنے کے قابل قدریں پیدا ہو جائیں جب تقویٰ کا معیار بلند ہو جائے تو اتنی عظیم الشان مقناطیسی قوت پیدا ہو جاتی ہے کہ باہر کی دنیا کی تعداد خود بخود کھنچی چلی آتی ہے۔

اور تقویٰ والوں کے ساتھ آکر ہم آہنگ ہونے لگتی ہے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک نئی تقدیر ظاہر ہوتی ہے اور عددی غلبہ بھی نصیب ہو جاتا ہے۔ مگر اس عددی غلبہ کی قیمت، اس کی حیثیت محض یہ ہے کہ اگر یہ تقویٰ کے تابع نصیب ہو تو قدر کے لائق ہے اگر یہ تقویٰ کے تابع نصیب نہ ہو تو اس کی کوئی حیثیت باقی نہیں رہتی۔

پس ہمیں

دوسری دعا یہ بھی کرتے رہنا چاہیئے

کہ اللہ کی نظر میں ہم متقیوں کی وہ جماعت ہوں جن کے مقابل پر اللہ کی نظر میں دنیا کی ہر دوسری چیز قربان کئے جانے کے لائق ہو اور دنیا میں یہ ایک عظیم الشان معجزہ رونما ہو کہ متقیوں کی یہ جماعت جو ساری کائنات کی سردار مقرر کی گئی ہے یہ ساری دنیا کی خادم بن کر ان پر نچھاور ہوتے ہوئے ان کے لئے قربانیاں کرتے ہوئے ان کی بھلائی کے لئے دعائیں کرتے ہوئے ان کو اپنی ذات میں ضم کرتی چلی جائے۔

بیک وقت کی سرداری اور بیک وقت کی خادمانہ حالت یہ بھی ایک ایسا اسلامی تصور ہے جس کا باہر کی دنیا میں کوئی تصور نہیں پایا جاتا اور حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں یہ اصول سکھایا اور یہ راز سمجھایا کہ

سَیِّدُ الْقَوْمِ خَادِمُھُمْ

اگر تم حقیقتاً دنیا کے سردار ہو، اگر

خدا کی طرف سے سیادت کا تاج

تمہارے سروں پر رکھا گیا ہے تو حق دار اسی وقت تک رہو گے جب تک کہ باقی دنیا کی خدمت میں لگے رہو گے اگر خدمت لینے کی خاطر سردار بننے کی کوشش کرو گے تو یہ سرداری تم سے چھین لی جائے گی۔

کُنْتُمْ خَیْرَ اُمَّۃٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ

میں بھی یہی سبق عطا فرمایا گیا ہے کہ تم بہترین امت ہو لیکن اس شرط کے ساتھ کہ لوگوں کی بھلائی اور خدمت کے کام کرتے رہو۔ جب تک یہ صفت تم میں پائی جائے گی جب تک تم خدمت کی سعادت پاتے رہو گے۔ اللہ کی نظر میں تم بہترین قوم کہلاتے رہو گے۔ جب ان باتوں سے عاری ہو جاؤ گے اور بنی نوع انسان کی بہبود سے مستغنی ہو جاؤ گے تو پھر سرداری کی رداء تم سے چھین لی جائے گی۔

پس ہمیں یہ بھی دعا کرتے رہنا چاہیئے کہ یہ سعادت جو اللہ تعالیٰ نے آج کے زمانہ میں ہمیں نصیب فرمائی کہ ہم وہ قوم ہیں جو خدا کی نمائندگی کر رہے ہیں ہم وہ قوم ہیں جو خدا کی نظر میں زندہ رکھنے کے لائق ہیں اور ہمارے مقابل پر کوئی عددی اکثریت کوئی حیثیت نہیں رکھتی ہم اپنی اس حیثیت کو نہ سمجھ لیں کہ یہ سرداری دراصل خدمت کے لئے عطا ہوئی ہے

بنی نوع انسان کی بہبود

کی خاطر عطا ہوئی ہے ان پر راج کرنے کے لئے نہیں بلکہ دلوں پر راج کرنے کے لئے ہے دلوں کو فتح کرنے کے لئے ہے۔ ان پر پیار اور محبت اور عشق کی حکومت کرنے کے لئے ہے۔ ہم دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہمیں بہتر رنگ میں اس اصطلاح میں جس اصطلاح میں قرآن باتیں کرتا ہے ہمیں سیادت عطا فرمائے اور ہمیشہ یہ سیادت قائم و دائم رکھے

اس کے بعد

تقویٰ سے متعلق ایک حدیثِ نبوی ﷺ

آپ کے سامنے رکھتا ہوں اور حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کے بعض ارشادات پیش کرتا ہوں جو تقویٰ کی تشریح میں حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام نے جماعت کو مخاطب کرتے ہوئے فرمائے تھے۔

عرباض روایت کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ایک دن تشریف لائے تو آپ نے ایک ایسا وعظ کیا جو بہت ہی فصیح و بلیغ تھا۔ اس کے نتیجہ میں ذرفت منہا العیون ہماری آنکھیں بہنے لگ آنسو جاری ہو گئے وَوَجِلَتْ منہ القلوب اور ہمارے دلوں پر ایک لرزہ طاری ہو گیا۔ میرے باپ نے اس پر عرض کیا کہ یا رسول اللہ! آج وعظ تو یوں معلوم ہوتا ہے جیسے وداع کا وعظ ہے گویا آپؐ ہم سب سے رخصت ہونے کے قریب ہیں تو آپ ہمیں کوئی ایسی نصیحت فرمائیے جس کو ہم پکڑ کر بیٹھ رہیں کوئی ایسی بات کہیں جس عہد پر ہم ہمیشہ قائم ہو جائیں تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب میں صرف اتنا فرمایا

اُوْصِیْکُمْ بِتَقْوَی اللّٰہِ وَالسَّمْعِ وَالطَّاعَۃِ

(ترمذی ابواب العلم)

کہ میں تمہیں اللہ کے تقویٰ کی نصیحت کرتا ہوں اور یہ نصیحت کرتا ہوں کہ جب سنا کرو تو اطاعت کیا کرو اور سننے اور اطاعت کے درمیان کوئی حیل و حجت داخل نہ ہونے دیا کرو۔

اَلسَّمْعُ وَالطَّاعَۃُ کا مطلب

یہ ہے کہ سننا اور اطاعت کرنا اور کیوں اور کس لئے کی بحثیں نہ اٹھانا پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ایک ایسے وقت میں جو خاص رقت کا وقت تھا اور جدائی کے لمحات قریب تھے، ہمیشہ کے لئے سب سے زیادہ بنیادی سب سے زیادہ قائم و دائم رہنے والی اور قائم و دائم رکھنے والی جو نصیحت بیان فرمائی وہ تقویٰ کی تعلیم تھی۔

حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام نے تقویٰ کے موضوع پر بہت کچھ فرمایا نثر کی صورت میں بھی اور نظم کی صورت میں بھی۔ میں

ایک نثر کا اقتباس

اور ایک نظم کا اقتباس آپ کے سامنے رکھ کر اس خطبے کو ختم کروں گا۔ آپ فرماتے ہیں:۔

"حقیقی تقویٰ اپنے ساتھ ایک نور رکھتی ہے جیسا کہ اللہ جلّ شانہ فرماتا ہے

یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تَتَّقُوا اللّٰہَ یَجْعَلْ لَّکُمْ فُرْقَانًا وَّیُکَفِّرْ عَنْکُمْ سَیِّاٰتِکُمْ وَیَجْعَلْ لَّکُمْ نُوْرًا تَمْشُوْنَ بِہٖ

یعنی اے ایمان لانے والو! اگر تم متقی ہونے پر ثابت قدم رہو اور اللہ تعالیٰ کے لئے اتقا کی صفت میں قیام اور استحکام اختیار کرو تو خدا تعالیٰ تم میں اور تمہارے غیروں میں فرق رکھ دے گا وہ فرق یہ ہے کہ تم کو ایک نور دیا جائے گا جس نور کے ساتھ تم اپنی تمام راہوں میں چلو گے۔ یعنی وہ نور تمہارے تمام افعال اور اقوال اور قویٰ اور حواس میں آ جائے گا تمہاری عقل میں بھی نور ہو گا اور تمہاری ایک اٹکل کی بات میں بھی نور ہو گا اور تمہاری آنکھوں میں بھی نور ہو گا اور تمہارے کانوں اور تمہاری زبانوں اور تمہارے بیانوں اور تمہاری ہر ایک حرکت اور سکون میں نور ہو گا اور جن راہوں میں تم چلو گے وہ راہیں نورانی ہو جائیں گی۔ غرض جتنی تمہاری راہیں تمہارے قویٰ کی راہیں، تمہارے حواس کی راہیں ہیں وہ سب نور سے بھر جائیں گی اور تم سراپا نور میں ہی چلو گے۔

اب اس آیت سے صاف طور پر ثابت ہے کہ تقویٰ سے جاہلیت ہرگز جمع نہیں ہو سکتی ہاں فہم اور ادراک حسب مراتب تقویٰ کم و بیش ہو سکتا ہے اسی مقام سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ بڑی اور اعلیٰ درجہ کی کرامت جو اولیاء اللہ کو دی جاتی ہے جن کو تقویٰ میں کمال ہوتا ہے وہ یہی دی جاتی ہے کہ ان کے تمام حواس اور عقل اور فہم اور قیاس میں نور رکھا جاتا ہے اور ان کی قوتِ کشفی نور کے پانیوں سے ایسی صفائی حاصل کر لیتی ہے کہ جو دوسروں کو نصیب نہیں ہوتی ان کے حواس نہایت باریک بین ہو جاتے ہیں اور معارف اور دقائق کے پاک چشمے ان پر کھولے جاتے ہیں اور فیض سائغ ربانی ان کے رگ و ریشہ میں خون کی طرح جاری ہو جاتا ہے۔"

(آئینہ کمالاتِ اسلام صفحہ ۱۷۷ تا صفحہ ۱۷۹ روحانی خزائن جلد ۵)

پھر حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام

نظم میں جماعت کو نصیحت

کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔ ؎

وہ دور ہیں خدا سے جو تقویٰ سے دور ہیں
ہر دم اسیرِ نخوت و کبر و غرور ہیں

تقویٰ یہی ہے یارو کہ نخوت کو چھوڑ دو
کبر و غرور و بخل کی عادت کو چھوڑ دو

اس بے ثبات گھر کی محبت کو چھوڑ دو
اس یار کے لئے رہِ عشرت کو چھوڑ دو

اسلام چیز کیا ہے؟ خدا کے لئے فنا
ترکِ رضائے خویش پئے مرضیٔ خدا

جو مر گئے انہی کے نصیبوں میں ہے حیات
اس رہ میں زندگی نہیں ملتی بجز ممات

اے کرمِ خاک چھوڑ دے کبر و غرور کو
زیبا ہے کبر حضرتِ ربِّ غیور کو

بدتر بنو ہر ایک سے اپنے خیال میں
شاید اسی سے دخل ہو دارالوصال میں

چھوڑو غرور و کبر کہ تقویٰ اسی میں ہے
ہو جاؤ خاک مرضیٔ مولیٰ اسی میں ہے

تقویٰ کی جڑ خدا کیلئے خاکساری ہے
عفت جو شرطِ دیں ہے وہ تقویٰ میں ساری ہے

(درثمین صفحہ ۱۰۲ تا صفحہ ۱۰۴ مطبوعہ ۱۹۶۲ء)

اللہ تعالیٰ ہمیں صحیح معنوں میں تقویٰ کی راہوں پر قدم مارنے کی توفیق عطا فرمائے۔"

خطبہ ثانیہ کے دوران فرمایا:۔

"احبابِ جماعت نے یہ دردناک خبر سن لی ہو گی کہ رات اچانک مکرم و محترم چوہدری ظہور احمد صاحب

سابق آڈیٹر۔ ناظر دیوان کا حرکتِ قلب بند ہونے سے انتقال ہوگیا۔
انا للہ وانا الیہ راجعون

بہت ہی مخلص، دیرینہ خادم تھے۔ مجھے بھی ان کے ساتھ کچھ کام کرنے کا موقع ملا ہے اکٹھے بعض مجالس میں میں نے ان میں بعض صفات بڑے قریب سے دیکھی ہیں ایک تو بہت محنت کی عادت تھی دوسرے رازداری کا مادہ بہت پایا جاتا تھا اور کلیتہً ان کے اوپر انحصار کیا جا سکتا تھا۔ تیسرے دعا بہت تھی اور خلافتِ احمدیہ کے ساتھ تو ایسی کامل غیر متزلزل وفا تھی کہ جس کو نصیب ہو اس کے لئے یقیناً قابلِ رشک ہے۔ اللہ تعالےٰ ان کے درجات بلند کرے اگر یہاں جنازہ آیا ہوا ہو تو انشاء اللہ نمازِ جمعہ کے بعد یہیں ان کی نمازِ جنازہ پڑھاؤں گا ساتھ ہی

اس دعا کی بھی تحریک

کرتا ہوں کہ جہاں ان کے لئے بلندیٔ درجات کی دعا کرتے رہیں وہاں یہ بھی دعا کرتے رہیں کہ اللہ تعالیٰ اگر ایک اچھا خادم ہم میں سے اٹھائے تو اس کی جگہ ہزار اچھا خادم پیدا کرے۔ کیونکہ کام بہت ہے اور طاقت کم ہے۔ بہت زیادہ کام ہے دنیا میں۔ ابھی تو ہمیں کسی ایک ملک میں بھی روحانی غلبہ نصیب نہیں ہوا تو اچھے کارکن اگر اٹھتے چلے جائیں اور ان کی جگہ اور بہت سے کارکن جگہ لینے کے لئے آگے نہ آئیں تو کام کیسے چلے گا توکل اللہ ہی کی ذات پر ہے اور وہی کام کو چلائے گا مگر

ہمارا فرض ہے

کہ بندگی کا حق ادا کرتے ہوئے عاجزانہ دعائیں کرتے رہیں کہ اللہ تعالیٰ ہمیں اچھے کارکنوں سے کبھی خالی نہ رکھے۔ ایک سے تو اس کی جگہ ہزار اور دے اور یہ سلسلہ فضلوں رحمتوں اور برکتوں کا آگے ہی آگے چلتا چلا جائے۔

خطبہ کے بعد فرمایا۔ "جنازہ آچکا ہے۔ میں نمازِ جمعہ کے بعد اور سنتوں سے پہلے نمازِ جنازہ پڑھاؤں گا۔ اس کا طریق یہ ہوگا کہ چونکہ محراب میں امام اور میت کے درمیان دیوار ہے اس لئے میں فرض پڑھانے کے بعد باہر چلا جاؤں گا ایک صف باہر بن جائے گی باقی احباب اپنی اپنی صفوں میں کھڑے رہیں اور نمازِ جنازہ میں شامل ہوں"۔ (الفضل ۸ر جولائی ۱۹۸۲ء)

اگر کوئی آدمی مذہب سے پہلا سبق ہی نہ سیکھے اور یہ سوچے کہ میں اگلی منزلیں لے لوں گا یہ نہیں ہو سکتا"۔ (بدر ۲۲ر جولائی ۱۹۸۲ء)

ممکن ہے کہ آج کی مایوس کن فضاؤں میں اخبار نویس اور اہلِ صحافت مدبرین ان باتوں کو بعید از قیاس سمجھ کر درخورِ اعتنا نہ سمجھیں۔ مگر ہم بڑے یقین و وثوق سے یہ اعلان کرتے ہیں کہ وہ وقت قریب سے قریب تر آرہا ہے جب مذہب کے نام پر خونی ہولی کھیلنے کا ڈرامہ ختم ہوگا۔ منافرت اور انشقاق کے بادل چھٹ جائیں گے امن صلح آشتی اور سچی ہمدردی کا دور دورہ ہوگا کیونکہ یہ خدائے واحد و یگانہ کا فیصلہ ہے جس کے متعلق کوئی بات انہونی نہیں ہے ع

قضائے آسمان است ایں بہر حالت شود پیدا

حضرت بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ علیہ السلام فرماتے ہیں:-

"خدا نے مجھے خبر دی کہ تیرے ساتھ آشتی اور صلح پھیلے گی ایک درندہ بکری کے ساتھ صلح کرے گا اور ایک سانپ بچوں کے ساتھ کھیلے گا۔ یہ خدا کا ارادہ ہے گو لوگ تعجب کی راہ سے دیکھیں۔"

(تذکرہ صفحہ ۳۴۳)

منیر عبدالحق فضل

اس جہاں میں خواہشِ آزادگی بے سود ہے ؂ اک تمہاری قیدِ محبت ہے جو کر دے رستگار

زائرینِ پاکستان کیلئے ضروری اعلان

جو احباب ہندوستان کے اپنے عزیزوں کی ملاقات کے لئے پاکستان جانا چاہتے ہیں اور انہوں نے پاسپورٹ اور پاکستانی سفارت خانہ سے باقاعدہ ویزا حاصل کر لیا ہے وہ اپنے سفر پر روانہ ہونے سے پہلے ان دو باتوں کا ضرور انتظام کر لیں۔

(۱) دہلی میں شاستری بھون سے امیگریشن کی چیک کی مہر ضرور لگوا لیں یا پنجاب کے لئے چنڈی گڑھ سے یہ مہر لگوا لیں۔

(۲) ریزرو بنک آف انڈیا دہلی یا چنڈی گڑھ کے پینتالیس ڈالر کا انتظام کریں پاسپورٹ پر اس کا باضابطہ اندراج ہو۔

کیونکہ اب تھوڑے دنوں سے جن کے پاس امیگریشن کے چیک کی مہر نہ ہو ہندوستانی بارڈر اور ۴۵/- فی کس ڈالر نہ ہوں انہیں پاکستانی بارڈر سے ہی واپس کر دیا جاتا ہے اس طرح سفر میں کافی پریشانی اٹھانی پڑتی ہے۔ امید ہے احباب آئندہ ان امور کا خیال رکھیں گے۔

ناظر امورِ عامہ قادیان

وزیرِ اعلیٰ پنجاب کا ہدیۂ تبریک: بقیہ اداریہ صفحہ ۲

یعنی بڑا آدمی وہ نہیں ہوتا جس کے پاس بہت دھن دولت یا بڑا عہدہ ہوتا ہے بلکہ بڑا آدمی وہ ہوتا ہے جو دوسروں کے دکھ سکھ کو اپنے آپ میں محسوس کرتا ہے۔

بہر حال یہ بات بالکل درست ہے جیسا کہ محترم وزیرِ اعلیٰ پنجاب نے علامہ اقبال کا ایک مصرع کا حوالہ دیتے ہوئے فرمایا ہے کہ ع

مذہب نہیں سکھاتا آپس میں بیر رکھنا

مگر جماعتِ احمدیہ اس سے بھی اوپر ایک حقیقت کو بیان کرتی ہے کہ

مجھے بیر ہرگز نہیں ہے کسی سے
میں دنیا میں سب کا بھلا چاہتا ہوں (مصلح موعودؓ)

حضرت بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ ایک مقام پر فرماتے ہیں:-

"میں تمام مسلمانوں اور عیسائیوں اور ہندوؤں اور آریوں پر یہ بات ظاہر کرتا ہوں کہ دنیا میں کوئی میرا دشمن نہیں ہے میں بنی نوع انسان سے ایسی محبت کرتا ہوں جیسے والدہ مہربان اپنے بچوں سے بلکہ اس سے بڑھ کر۔ میں صرف ان باطل عقائد کا دشمن ہوں جن سے سچائی کا خون ہوتا ہے انسان کی ہمدردی میرا فرض ہے اور جھوٹ اور شرک اور ظلم اور ہر ایک بدعملی اور ناانصافی اور بداخلاقی سے بیزاری میرا اصول"۔

(اربعین نمبر ۱ صفحہ ۲)

بجلی گرے کسی پہ تڑپتے ہیں ہم انیس
سارے جہاں کا درد ہمارے جگر میں ہے

"انسانیت زندہ باد" جماعتِ احمدیہ کا نعرہ ہے۔ جماعتِ احمدیہ جس کا آغاز قادیان جیسی چھوٹی سی بستی سے ہوا اب یہ جماعت بین الاقوامی حیثیت اختیار کر چکی ہے اور زمین کے کناروں تک تمام مذاہب کی طرف سے خالص اور سچی زندگی کا حق ادا کر رہی ہے۔ حضرت امام جماعت احمدیہ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ نے ۱۹۸۰ء میں تیرہ مغربی ممالک کا طوفانی دورہ کرتے ہوئے وہاں کے باشندوں کو اسلامی تعلیم کے خلاصہ پر مشتمل یہ سلوگن دیا تھا کہ:-

LOVE FOR ALL HATRED FOR NONE

کہ محبت سب کے لئے اور نفرت کسی سے نہیں۔ آج بھی مغربی ممالک میں اس کی آواز بازگشت سنائی دیتی ہے۔

اصل حقیقت یہ ہے کہ مذہب اور دھرم کا بنیادی زینہ ہی انسانی حقوق کی ادائیگی و ہمدردی ہے حضرت امام جماعت احمدیہ مرزا طاہر احمد صاحب ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز ایک مقام پر فرماتے ہیں:-

"اصل انسانی ہمدردی ہے اس میں مذہب کے اختلاف کا کوئی سوال ہی پیدا نہیں ہوتا بلکہ مذہب یہیں سے تعلیم شروع کرتا ہے انسان انسان کے حقوق ادا کرے تو یہ تو پہلا سبق ہے مذہب کا (باقی کالم ۱ و آخر)

قسط ۱

چودھویں صدی کی اہمیت اور پندرھویں صدی کی خصوصیت

تقریر محترم مولوی بشیر احمد صاحب دہلوی ناظر دعوۃ و تبلیغ قادیان بر موقع جلسہ سالانہ ۱۹۸۱ء

(۱) هُوَ الَّذِي بَعَثَ فِي الْأُمِّيِّينَ رَسُولًا مِّنْهُمْ ... وَآخَرِينَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوا بِهِمْ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ۝ (سورہ جمعہ)

(۲) هُوَ الَّذِي أَرْسَلَ رَسُولَهُ بِالْهُدَىٰ وَدِينِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُونَ ۝ (سورۃ صف)

خاکسار نے اپنی تقریر کے موضوع کے پیش نظر قرآن مجید کی دو آیات کی تلاوت کی ہے۔ ایک آیت سورہ جمعہ سے تعلق رکھتی ہے جس میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی دو بعثتوں کا ذکر ہے ایک آپ کی بعثت امیین میں ہوئی دوسری آخرین میں۔ آخرین میں آپ کی یہ بعثت حضرت امام مہدی علیہ السلام کے ذریعہ ہونی مقدر تھی جنہیں چودھویں صدی ہجری میں ظاہر ہونا تھا۔ اور دوسری آیت سورہ صف کی ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے یہ وعدہ فرمایا ہے کہ وہ دین اسلام کو تمام دینوں پر غالب کرے گا اور یہ غلبہ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت ثانیہ میں ہی حضرت امام مہدی علیہ السلام کے ذریعہ مقدر ہے اور جیسا کہ آگے چل کر میں بتاؤں گا یہ غلبہ پندرھویں صدی ہجری میں ہونا ہے۔ اس لئے میری آج کی تقریر کا ان دو آیات سے خاص طور پر تعلق ہے کیونکہ سورہ جمعہ کی آیت سے چودھویں صدی ہجری کی اہمیت واضح ہوتی ہے اور سورہ صف کی آیت سے پندرھویں صدی ہجری کی خصوصیت ظاہر ہوتی ہے اس کی تفصیل یہ ہے۔

قرآن مجید اور صحف مقدسہ کے مطالعہ سے اللہ تعالیٰ کی یہ سنت نظر آتی ہے کہ وہ انسانوں کی بہبودی اور اصلاح کے لئے انسانوں میں سے ہی نیک اور پاک بندوں کو مبعوث فرماتا ہے جو اپنے نیک نمونہ اور اخلاقی و روحانی تعلیم کے ذریعہ انسانوں کو گمراہی سے بچاتے اور [illegible] اللہ تعالیٰ کے ساتھ قائم کرتے ہیں۔ یہ لوگ اللہ تعالیٰ کی صفات کے مظہر ہوتے ہیں۔ چنانچہ جوں جوں نسل انسانی ترقی کرتی گئی۔ اور مختلف علاقوں میں پھیلتی چلی گئی اور مختلف قوموں اور جاتیوں میں تقسیم ہوتی گئی تو ہر ملک دیش اور ہر قوم میں اللہ تعالیٰ نے ایسے مصلحین اور انبیاء کرام کو مبعوث فرمایا تاکہ وہ اپنی قوم کی جہالت اور ظلمت کا پردہ دور کر کے انہیں توحید حقیقی کا رستہ دکھائیں اور انہیں اپنے خالق حقیقی سے روشناس کرائیں۔ اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں فرماتا ہے

وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِي كُلِّ أُمَّةٍ رَّسُولًا أَنِ اعْبُدُوا اللَّهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوتَ - (سورہ نحل ۵)

ہم نے انبیاء علیہم السلام کا سلسلہ ہر قوم میں جاری کیا اور ہر نبی نے اگر یہ تعلیم دی ان اعبدوا اللہ کہ اس کائنات عالم اور سارے برہمانڈ کا خالق ایک خدا ہے اور وہی پرستش کے قابل ہے اس لئے اس کی عبادت اور اپاسنا کرو۔

یہ انبیاء کرام چونکہ مختص القوم تھے اس لئے ان کے ذریعہ جو ہدایات اور شریعتیں اللہ تعالیٰ نے بھیجیں وہ مختص القوم اور مختص الزمان تھیں بیشک ان میں وہ تعلیمیں بھی تھیں جو ابدی صداقتوں پر مشتمل تھیں مثلاً ہستی باری تعالیٰ۔ خدا تعالیٰ کی وحدانیت وغیرہ جس کی طرف مذکورہ آیت میں وضاحت کی گئی ہے لیکن ان ابدی صداقتوں کے ساتھ ایسی تعلیمات اور ایسے احکام بھی تھے جو ان اقوام کے لئے مخصوص تھے جن کی طرف یہ انبیاء کرام مبعوث کئے جاتے رہے اور جب اللہ تعالیٰ کے علم میں وہ وقت قریب آیا کہ بنی نوع انسان ایک قوم بننے والے تھے تو اللہ تعالیٰ نے اپنی کامل رحمت سے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا کے نتیجہ میں سید ولد آدم سید الاولین والآخرین خاتم النبیین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو سرزمین عرب میں مبعوث فرمایا۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام جب اپنے بیٹے حضرت اسمٰعیلؑ کے ساتھ کعبہ کی تعمیر کر رہے تھے تو آپ نے یہ دعا کی کہ اے اللہ جب یہ لوگ تجھ سے دور ہو جائیں تو ان میں ایک عظیم الشان رسول کو ان کی ہدایت و راہنمائی کے لئے مبعوث کرنا۔ قرآن مجید میں اس کا یوں تذکرہ ہے

وَإِذْ يَرْفَعُ إِبْرَاهِيمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَإِسْمَاعِيلُ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا إِنَّكَ أَنتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝ رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِن ذُرِّيَّتِنَا أُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ وَأَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا إِنَّكَ أَنتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ۝ رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيهِمْ رَسُولًا مِّنْهُمْ يَتْلُو عَلَيْهِمْ آيَاتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَيُزَكِّيهِمْ إِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ
(سورۃ بقرہ ع ۱۵)

ترجمہ اور اس وقت کو بھی یاد کرو جب ابراہیم اپنے گھر کی بنیادیں اٹھا رہا تھا اور اس کے ساتھ اسماعیل بھی اور وہ دونوں کہتے جاتے تھے اے ہمارے رب ہماری طرف سے اس خدمت کو قبول فرما کیونکہ تو ہی ہے جو بہت سننے والا اور بہت جاننے والا ہے اور اے ہمارے رب ہماری یہ بھی التجا ہے کہ ہم دونوں کو اپنا فرمانبردار بندہ بنا لے اور ہماری اولاد میں سے بھی ایک فرمانبردار جماعت اور ہمیں ہمارے مناسب حال عبادت کے طریق بتا اور ہماری طرف اپنے فضل کے ساتھ توجہ فرما یقیناً تو اپنے بندوں کی طرف بہت توجہ کرنے والا اور بار بار رحم کرنے والا ہے اور اے ہمارے رب ہماری یہ بھی التماس ہے کہ تو انہیں میں سے ایک ایسا رسول مبعوث فرما جو انہیں تیری آیات پڑھ کر سنائے اور انہیں کتاب اور حکمت سکھائے اور انہیں پاک کرے یقیناً تو ہی غالب اور حکمت والا ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اس دعا سے ہی معلوم ہوتا ہے کہ آپ کو اس امر کا احساس تھا کہ آپ کے بعد یہ قوم پھر بگڑ جائے گی اور آستانہ الوہیت کو چھوڑ کر بتوں کی پجاری بن جائے گی۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بعد اللہ تعالیٰ نے بنو اسحٰق میں نبوت کا سلسلہ جاری رکھا اور ان میں بیشمار نبی اللہ تعالیٰ نے مبعوث فرمائے یہاں تک کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام جیسا عظیم صاحب شریعت نبی ان میں آیا اور اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو یہ خبر دی کہ اب کچھ عرصہ بعد سلسلہ نبوت بنی اسماعیل میں تجھ جیسا ایک صاحب شریعت نبی بھیج کر شروع کریں گے جیسا کہ اس وقت جبکہ حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنے ستر منتخب شدہ اشخاص کو لے کر طور پہاڑ پر پہنچے اور زلزلہ وغیرہ بھیانک امور سے ڈر کر انہوں نے اللہ تعالیٰ کی تجلی کو دیکھنے سے انکار کیا تو خدا نے فرمایا

"انہوں نے جو کچھ کہا سچ کہا میں ان کے لئے ان کے بھائیوں میں سے تجھ سا ایک نبی برپا کروں گا اور اپنا کلام اس کے منہ میں ڈالوں گا اور جو کچھ میں اسے فرماؤں گا جو میرا نام لے کر کہے گا نہیں سنے گا تو میں اس کا حساب اس سے لوں گا"۔
(استثناء باب ۱۸ آیت ۱۷ تا ۱۹)

چنانچہ بنو اسماعیل کی گمراہی جب انتہا کو پہنچ گئی خدا تعالیٰ کی پرستش ان میں اٹھ گئی باطل پرستی اور معبودان باطلہ کی پرستش نے اللہ جل شانہ کی جگہ لے لی تو بنو اسماعیل میں اللہ تعالیٰ نے فاران کی پہاڑیوں سے اس موعود کو مبعوث فرمایا میری مراد سیدنا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے ہے جنہوں نے سرزمین عرب میں ہی نہیں بلکہ ساری دنیا میں توحید کا ڈنکا بجا دیا۔

جماعت احمدیہ کے صوفی شاعر حضرت میر محمد اسمٰعیل صاحب آنحضرت صلعم کی بعثت کے وقت کے حالات کا نقشہ کھینچتے ہوئے فرماتے ہیں ؎

خلائق کے دل تھے یقیں سے تہی
بتوں نے تھی حق کی جگہ گھیر لی
ضلالت تھی دنیا پہ وہ چھا رہی
کہ توحید ڈھونڈے سے ملتی نہ تھی
ہوا آپ کے دم سے اس کا قیام
علیک الصلوٰۃ علیک السلام

اور مولانا حالی اس وقت کا نقشہ یوں بیان فرماتے ہیں :- ؎

قبیلے قبیلے کا بت اک جدا تھا

کسی کا ہبل اور کسی کا صنم خدا تھا
کوئی عزیٰ پہ اور کوئی نائلہ پہ فدا تھا
غرض کفر کفر نیا اک خدا تھا

اور صرف عرب ہی نہیں بلکہ دنیا کے تختہ پر کوئی ملک کوئی قطعہ اور کوئی سرزمین ایسی نہیں رہ گئی تھی جہاں خدائے واحد کی پرستش ہوتی۔ عیسائیوں کی قوم پر قوم تثلیث میں مبتلا تھی اور ہندوستان کے باشندے ۳۳ کروڑ دیوتاؤں کے پجاری تھے اللہ تعالےٰ نے اس وقت کی حالت کا نقشہ قرآن مجید میں ان الفاظ میں کھینچا ہے

ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ

خشکی اور تری میں فساد برپا ہو چکا تھا وہ قومیں جن کے پاس شریعت تھی وہ بھی خراب ہو چکی تھیں اور جن کے پاس کوئی شریعت نہ تھی وہ بھی خراب ہو چکی تھیں۔

سیدنا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالےٰ نے مخصوص قوم کی طرف نہیں بلکہ تمام دنیا کی طرف مبعوث فرمایا اور آپ نے اعلان فرمایا

يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنِّي رَسُولُ اللَّهِ إِلَيْكُمْ جَمِيعًا

اے لوگو! میں تم سب کی طرف رسول ہو کر آیا ہوں

اور میں تمہیں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ اس دنیا کا خالق اور تم سب کو پیدا کرنے والا ایک خدا ہے تم صرف اسی کی عبادت کرو جیسا کہ فرمایا

يَا أَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوا رَبَّكُمُ الَّذِي خَلَقَكُمْ وَالَّذِينَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ۝ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ فِرَاشًا وَالسَّمَاءَ بِنَاءً وَأَنْزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَخْرَجَ بِهِ مِنَ الثَّمَرَاتِ رِزْقًا لَكُمْ فَلَا تَجْعَلُوا لِلَّهِ أَنْدَادًا وَأَنْتُمْ تَعْلَمُونَ ۝

ترجمہ:- اے لوگو! اپنے اس رب کی عبادت کرو جس نے تم کو پیدا کیا اور تمہارے بزرگوں کو بھی اس نے پیدا کیا اور یہ عبادت اس لئے کرو تاکہ تمہارے اندر نیکی اور تقویٰ پیدا ہو اور اس خدا کی عبادت کرو جس نے زمین کو تمہارے لیے بچھونا بنایا اور آسمان کو چھت بنایا اور پھلوں کے اقسام سے تمہیں رزق عطا کیا پس اسلئے خدا کے ساتھ کسی کو شریک نہ باؤ اور تم اس حقیقت سے آگاہ ہو کہ اس خدا کا کوئی شریک نہیں۔

اللہ تعالیٰ نے جہاں آپ کو سارے لوگوں کی طرف مبعوث فرمایا وہاں آپ کو ایسی شریعت بھی عطا کی جو عالمگیر اور تمام زمانوں کے لئے تھی جیسا کہ فرمایا

تَبَارَكَ الَّذِي نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلَىٰ عَبْدِهِ لِيَكُونَ لِلْعَالَمِينَ نَذِيرًا ۝ (فرقان ع)

ترجمہ:- وہ ذات بہت بابرکت ہے جس نے فرقان (یعنی حق و باطل میں فرق کرنے والی چیز یعنی قرآن مجید) اپنے بندے پر اتارا تا اس کے ذریعہ تمام دنیا اور عالمین کو ڈرایا جائے۔

یہ امر ذہن نشین رکھنا چاہیئے کہ قرآن مجید کے ذریعہ اللہ تعالیٰ نے وہ ہدایت میسر فرمائی ہے جو تمام انسانوں کے لئے تھی اور تمام زمانوں کے لئے کامل اور اتم تھی اور اس عالمگیر شریعت کے آنے پر پہلی تمام شریعتیں منسوخ ہو گئیں اور قابل عمل نہ رہیں سید الاولین والآخرین خاتم النبیین حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے قبل تمام الٰہی شریعتیں اور تمام نبوتیں اپنے اپنے حلقہ میں نو بنو ابد جاری تھیں اور ہر قوم اپنے اپنے نبی کی تعلیم پر عمل پیرا ہونے کی مکلف تھی مثلاً یہودی اور عیسائی حضرت موسیٰ علیہ السلام کی تعلیم پر اور ان انبیاء کی تعلیم پر جو پے در پے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بعد مبعوث ہوتے رہے عمل کرنے کی مکلف تھی۔ حضرت موسیٰؑ اگرچہ شرعی نبی تھے لیکن ان کی بعثت سے زرتشت نبی کی شریعت اور ان کے احکام منسوخ نہیں ہوئے نہ ہی حضرت زرتشتؑ کی نبوت کا اجراء ختم ہوا۔ ہندوستان کے لئے گیتا اور دید شاستر وغیرہ قابل عمل تھے اور یہی صورت باقی صاحب شریعت انبیاء کے بارے میں تھی جو مختلف زمانوں اور مختلف اقوام میں مبعوث ہوتے رہے ان کی امتیں خاتم النبیین حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت تک اپنی اپنی شریعت اور اپنے اپنے انبیاء کے احکام اور ہدایات پر عمل کرنے کی مکلف تھیں اور ان سب انبیاء علیہم السلام کی نبوتیں جاری تھیں لیکن سیدنا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کے ساتھ حضرت موسیٰؑ۔ حضرت زرتشتؑ۔ حضرت کنفیوشسؑ۔ حضرت رامچندرؑ حضرت کرشنؑ حضرت بدھؑ وغیرہ تمام صاحبانِ شریعت نبیوں کی شریعتیں ختم ہو گئیں اور تابع شریعت انبیاء کی نبوتیں ختم ہو گئیں اور تمام بنی نوع انسان پر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانا اور حضورؐ کی لائی ہوئی شریعت پر اور حضورؐ کی ہدایت پر عمل کرنا ضروری اور لازمی ہو گیا یہ سب شریعتیں اور نبوتیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت تک زندہ اور جاری تھیں لیکن

جب بارگاہ خداوندی سے پُر شوکت اعلان ہوا

الْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي وَرَضِيتُ لَكُمُ الْإِسْلَامَ دِينًا - (مائدہ آیت ع۱)

کہ آج میں نے تمہارے لئے تمہارا دین مکمل کر دیا اور تم پر اپنی نعمت کو پورا کر دیا اور تمہارے لئے دین کے طور پر اسلام کو پسند کیا اور یہ سب نبوتیں اور شریعتیں منسوخ ہو گئیں اور آئندہ کے لئے صرف اور صرف حضور کی شریعت اور ہدایات جاری رہیں یہ کامل اور مکمل شریعت ہے جس کے متعلق خدائی وعدہ ہے کہ یہ محفوظ رہے گی اس شریعت میں نہ ایک شوشہ کی گنجائش ہے نہ زیادتی کی گو دور زمانہ سے حیاتِ انسانی کا خاکہ کس قدر بھی تبدیل ہوتا چلا جائے قرآن مجید اور حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاک نمونے سے ہر قسم کی ہدایات جن کی کسی زمانہ میں بھی ضرورت پیش آئے میسر آتی رہیں گی۔ لہٰذا یہ بھی ضروری تھا کہ جب انسانوں کے ذہن قرآن کریم اور اسوۂ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ضروری اور مطلوبہ ہدایات حاصل کرنے سے قاصر رہیں تو ایک روحانی نظام کے ذریعہ یہ ہدایات حاصل ہوتی چلی جائیں۔ یہ نظام اُمتِ محمدیہ میں مجددین۔ محدثین اور مصلحین کا نظام ہے۔ (باقی)

خط و کتابت کے وقت
خریداری نمبر کا حوالہ
ضرور دیجئے۔
مینیجر

ولادت

٭ — مکرم رشید احمد صاحب صدیقی کانپور کے ہاں ۲ دو بچیوں کی وفات کے بعد اللہ تعالےٰ نے اپنے فضل سے اولادِ نرینہ عطا فرمائی ہے الحمد للہ۔ نومولود مکرم محمد اسمٰعیل صاحب صدیقی کا پوتا اور مکرم محمد احمد صاحب مونگیر کا نواسہ ہے۔ مکرم محمد احمد صاحب موصوف نے اس خوشی میں مبلغ ۵۰/- روپے امانت بدر میں مبلغ ۲۰/- روپے صدقہ میں اور مبلغ ۲۵/- روپے درویش فنڈ میں جمع کرائے ہیں۔ (امیر جماعت احمدیہ قادیان)

٭ — اللہ تعالےٰ نے اپنے فضل سے میری بیٹی عزیزہ سیدہ زینت آراء سلمہا اہلیہ عزیزم مکرم محمد ناصر صاحب ساکن پاکوڑ (بہار) کو بتاریخ ۲۸/۷/۸۲ پہلا بیٹا عطا فرمایا ہے الحمد للہ۔ نومولود مکرم حاجی عبد المجید صاحب مرحوم آف پاکوڑ کا پوتا ہے۔ مبلغ پچیس روپیہ امانت بدر میں ادا کئے گئے ہیں۔ خاکسار: سید عبد الجبار مونگیر (بہار)

٭ — اللہ تعالےٰ نے اپنے فضل سے مکرم ڈاکٹر آفتاب احمد صاحب آف پاپرسٹ انڈیانا امریکہ کو دو لڑکیوں کے بعد بیٹے سے نوازا ہے۔ (امیر جماعت احمدیہ قادیان)

٭ — مکرم رئیس الدین صاحب آف ... کو اللہ تعالیٰ نے ... بچی عطا کی ہے۔ مولود کا نام حضرت صاحبزادہ مرزا وسیم احمد صاحب نے "طاہرہ بیگم" تجویز فرمایا ہے۔ مکرم رئیس الدین صاحب نے اس خوشی کے موقع پر مبلغ ۵/- روپے امانت بدر میں اور ۵/- روپے شکرانہ فنڈ میں ادا کئے ہیں جزاہ اللہ تعالیٰ احسن الجزاء (خاکسار: نذیر احمد رشید درویش قادیان)

احباب کرام نومولودین کی صحت و سلامتی، درازیٔ عمر اور والدین کے لئے آنکھوں کی ٹھنڈک بننے کی دعا فرمائیں۔ (ادارہ)

اعلانات نکاح

مکرم مولوی عبد الرشید صاحب ضیاء مبلغ سلسلہ مقیم رشی نگر (کشمیر) نے مندرجہ ذیل نکاحوں کا اعلان کیا۔

٭ مورخہ ۲/۷/۸۲ بروز جمعۃ المبارک بمقام رشی نگر مسماۃ سلیمہ بانو صاحبہ بنت عبد العزیز صاحب گنائی ساکن رشی نگر کا نکاح مسمّی عبد المجید نینگرو ابن مکرم عبد الرشید صاحب نینگرو کے ہمراہ مبلغ دو ہزار روپیہ حق مہر پر ہوا —— مورخہ ۳/۷/۸۲ کو مسماۃ شمیمہ بانو ربیبہ عبد الغفار صاحب گنائی ساکن رشی نگر تحصیل شوپیان ضلع پلوامہ کا نکاح ہمراہ عبد الحمید صاحب ناصر ابن حاجی محمد رمضان صاحب ساکن رشی نگر۔ تحصیل شوپیان ضلع پلوامہ کے ساتھ —— مبلغ پانچ ہزار روپیہ حق مہر پر ہو گیا۔ اس خوشی کے موقعہ پر مکرم عبد الحمید صاحب ناصر نے مدرسہ اشاعت ... مبلغ ۲۰/- روپے ادا کئے ہیں۔ جزاہ اللہ احسن الجزاء

اللہ تعالیٰ ان رشتوں کو متعلقین کے لئے موجب خیر و برکت بنائے اور مثمر ثمرات حسنہ سے نوازے آمین۔

(ادارہ)

لفظ خاتم کے معانی

عبرانی اور فارسی لغات میں

از مکرم سید عبدالعزیز صاحب نیوجرسی (امریکہ)

